**15.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بوڈو امن معاہدے سے نہ صرف بوڈو کمیونٹی کو فائدہ پہنچا ہے بلکہ اِس سے دیگر بہت سے امن معاہدوں کیلئے راہ ہموار ہوئی ہیں۔

☆ بھارت، نیپال اور بنگلہ دیش نے ذیلی علاقائی کنکٹویٹی میں اضافہ کرنے کی غرض سے پہلی سہ رُخی بجلی کی ترسیل کا آغاز کیا ہے۔

☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے زور وشور کے ساتھ انتخابی مہم جاری ہے۔ مختلف پارٹیوں کے سرکردہ لیڈروں نے کثیر ریلیاں اور روڈ شو کئے۔

☆ بھارت نے COP29 آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق سربراہ کانفرنس میں زور دیا ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کو 2030 تک سالانہ ایک اعشاریہ تین ٹریلین ڈالرز فراہم کرنا چاہیئے۔

☆ سری لنکا کے پارلیمانی انتخابات میں، صدر انورا کمارا دِسّانائیکے کی NPP نے واضح جیت حاصل کی ہے۔

☆ اور ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں بھارت اور ساؤتھ افریقہ کے درمیان جوہانسبرگ میں میچ جاری ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***BODOLAND***

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بوڈو امن معاہدے سے نہ صرف بوڈو فرقے کو فائدہ پہنچا بلکہ اس سے اس طرح کے دیگر امن معاہدوں کیلئے مواقع پیدا ہوئے۔ نئی دلی میں آج شام بوڈو لینڈ مہوتسو سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ امن معاہدوں کی وجہ سے دس ہزار سے زیادہ نوجوانوں نے صرف آسام میں ہی اسلحے اور تشدد کا راستہ ترک کیا ہے اور وہ قومی دھارے میں شامل ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ مرکزی حکومت نے بوڈو لینڈ کی ترقی کیلئے ایک ہزار 500 کروڑ روپے کا خصوصی پیکیج دیا ہے۔

S/B PM MODI

جناب مودی نے کہا کہ آسام حکومت نے بھی ایک خصوصی ترقیاتی پیکیج دیا ہے۔ بوڈو لینڈ میں تعلیم، صحت اور ثقافت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کیلئے 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم خرچ کی گئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا

کہ بوڈو لینڈ کی ترقی کے اثرات دیکھ کر انہیں اطمینان ہوتا ہے جہاں تقریبا 50 برسوں سے تشدد اور خونریزی جاری تھی۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ جو نکسل واد کے راستے پر چل رہے ہیں وہ بوڈو عوام سے سبق لیں۔

## *PM Janjatiya*

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھگوان برسا منڈا کی سالگرہ کی تقریب جَن جاتیہ گورو دِوَس کے موقع پر بہار کے شہر جموئی سے 6 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن پروجیکٹوں کا مقصد خطے کے دیہی اور دوردراز کے علاقوں میں قبائلی آبادیوں کے معیارِ زندگی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری ہے۔پورے ملک میں قبائلی آبادیاں دھرتی آبا برسا منڈا کا احترام بھگوان کے طور پر کرتی ہیں۔ آج ہی برسا منڈا کے 150ویں یوم پیدائش کی تقریبات بھی منائی جارہی ہیں۔ اِس موقع پر جناب مودی نے بھگوان برسا منڈا کے اعزاز میں ایک سکہ اور ڈاک ٹکٹ جاری کیا۔ وزیراعظم مودی نے پردھان منتری جَن جاتیہ اُنت گرام ابھیان کے تحت 11 ہزار مکانات کے گرہ پرویش میں بھی ورچوئل وسیلے سے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آج کے پروجیکٹ ڈیڑھ لاکھ مکانات، شاہراہوں اور نئی تعلیمی اور صحت کی سہولیات کے ساتھ قبائلی زندگی کو تبدیل کرنے کیلئے مخصوص ہیں۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ قبائلی کمیونٹی کی تعلیم، روزگار اور صحت دیکھ بھال، NDA حکومت کی اعلیٰ ترجیح ہے۔ جناب مودی نے جن جاتیہ اُتکرش گرام ابھیان کے تحت قبائلی گاؤوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے آٹھ ہزار کروڑ روپئے کے پیکیج کا اعلان کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے قبائلی اکثریت والے اضلاع میں برسا منڈا گورو Upvan کے آغاز کا بھی اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور ریاستی وزرا نیز عمائدین نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔x

## *PM DEV DEEPAWALI*

وزیراعظم نریندرمودی نے کارتک پورنما اور دیو دیپاولی کے موقع پر تمام شہریوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ نہان کی مقدس روایت، دھیان اور دیوں کے دان سے وابستہ یہ تہوار ہر ایک کی زندگی کو خوشی اور خوشحالی سے روشن کردیتا ہے۔ X

## *TRIPARTITE POWER AGREEMENT*

بھارت، نیپال اور بنگلہ دیش نے توانائی سے متعلق تعاون کے سلسلے میں ایک بڑا سنگ میل قائم کیا ہے۔ اِن ملکوں نے 40 میگاواٹ تک کی بجلی کی منتقلی کا افتتاح کیا ہے جو بھارتی گرڈ کے راستے نیپال سے بنگلہ دیش پہنچے گی۔ بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے بنگلہ دیش کی بجلی کی وزارت کے مشیر محمد فوزول کبیر خان اور نیپال کے وزیر توانائی دیپک کھڑکا کے ساتھ نیپال سے بنگلہ دیش تک بجلی کی فراہمی کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ ایک بیان میں بجلی کی وزارت نے بتایا کہ مظفرپور سب اسٹیشن اور بہرام پور سب اسٹیشن بھارت کی جانب سے Injection پوائنٹ اور Drawl پوائنٹ ہوں گے۔ وزارت نے یہ بھی کہاکہ بجلی کی اس منتقلی سے توقع ہے کہ بجلی کے شعبے میں ذیلی علاقائی

کنیکٹویٹی کو فروغ ملے گا۔NTPC Vidyut Vyapar Nigam ، نیپال الیکٹریسٹی اتھارٹی اور بنگلہ دیش پاور ڈیولپمنٹ بورڈ کے درمیان بجلی کی فروخت سے متعلق ایک سہ فریقی معاہدہ پر پچھلے ماہ نیپال کے شہر کھاٹھمنڈو میں دستخط کئے گئے تھے۔ X

### MAHARASTHRA CAMPAIGNING

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کی چناوی مہم میں اب جبکہ صرف تین دن باقی رہ گئے ہیں، امیدوار زیادہ سے زیادہ ریلیاں اور میٹنگیں کررہے ہیں۔ بی جے پی کے صدر جے پی نڈا نے تھانے میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے دفاع، داخلی سلامتی اور انسداد دہشت گردی میں پارٹی کی حصولیابیوں کو اجاگر کیا۔ BJP کے سینئرلیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے Umrkhed میں خطاب کرتے ہوئے وعدے پورے کرنے میں ناکام ہونے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی اور وزیراعظم مودی کے وعدوں کا دفاع کیا جس میں مخالفت کے باوجود وقف بورڈ کے قانون میں ترمیم شامل ہے۔

S/B AMIT SHAH UMARKHED

Ashti میں، بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ بی جے پی کے بارے میں جھوٹے دعوے پھیلا رہی ہے کہ اُس نے آئین کو تبدیل کیا ہے، اُنھوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ ماضی میں اُس نے آئین کے ساتھ ایسا ہی کچھ کیا تھا۔

دوسری طرف این سی پی ایس پی کے سربراہ شرد پوار نے سانگی کی ایک ریلی میں بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ آئین کو بدلنا چاہتی ہے۔ کانگریس کے لیڈر رمیش چنّی تھالا نے بی جے پی سے مطالبہ کیا کہ وہ ذات سے متعلق مردم شماری پر اپنے موقف کی وضاحت کرے جبکہ شیوسینا UBT کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے حکومت کی سویابین کی کم ازکم امدادی قیمت کم کرنے کے بارے میں نکتہ چینی کی اور وعدہ کیا کہ MVA کی حکمرانی میں اِس میں اضافہ ہوگا۔ X

### CAMPAIGNING JHARKHAND

جھارکھنڈ میں NDA اور آئی این ڈی آئی اے بلاک کے لیڈروں کے درمیان الزامات اور جوابی الزامات میں شدت آگئی ہے تاکہ عوام کی حمایت حاصل کرسکیں۔ دھنباد میں Tundi کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کے سینئر لیڈر راج ناتھ سنگھ نے الزام لگایا کہ ہیمنت سورین کی بدعنوان حکومت نے جھارکھنڈ کی شبیہ کو خراب کردیا ہے۔ بی جے پی کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ صرف آئین ہی جھارکھنڈ کے غریب اور قبائلی عوام کے مفادات کا تحفظ کرسکتا ہے۔

بُکارو میں Bermo میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے حق میں ووٹ کریں تاکہ ریاست میں اور تیز رفتار سے ترقی ہوسکے۔

*S/B RAHUL GANDHI*

آرجے ڈی کے سینئر لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے دیوگھر میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی پر الزامات لگایا کہ وہ مذہب اور ذات کے نام پر معاشرے کو بانٹ رہی ہے۔ بی جے پی کے سینئر لیڈران شیوراج

سنگھ چوہان، ہیمنت بسوا سرما اور چمپئی سورین نے بھی دُمکا، Pakur اور جاما میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ AJSU اور بائیں بازوں کی پارٹیوں کے لیڈروں نے ریاست کے مختلف حصوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا اور روڈ شو کئے۔انتخابات کا دوسر اور آخری مرحلہ اس ماہ کی 20 تاریخ کو ہوگا جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 تاریخ کو ہوگی۔ X

## CONSTITUENCY PROFILE GHANSAWANGI

حلقوں سے متعلق معلومات مہیا کرنے کی ہماری سیریز میں آج ہم مہاراشٹر کے Jalna ضلع کے Ghansawangi حلقے پر ایک نظر ڈالیں گے۔ریاست میں اس ماہ کی 20 تاریخ کو ایک ہی مرحلے میں انتخابات ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.....................

Jalna ضلع کے Ghansawangi حلقے میں شیوسینا نے نیشنلسٹ کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے راجیش ٹوپے کے خلاف حکمت اُدھان کو نامزد کیا ہے۔ موجودہ ایم ایل اے راجیش ٹوپے پانچ بار سے یہاں ایم ایل اے رہے ہیں اور وہ سابق وزیرصحت بھی ہیں۔ستیش گھٹگے جو حال ہی میں بی جے پی میں شامل ہوئے ہیں اور شیوسینا کے سابق ایم ایل اے شیواجی Chothe آزاد امیدوار کے طور پر مقابلہ کررہے ہیں۔ مراٹھا ریزرویشن تحریک کا ایک اہم توجہ کا مرکز Antrawali Sarati اسی حلقے کا ایک حصہ ہے۔ حلقے میں گنّے کی مِلوں اور گنے کی مناسب قیمتوں سے متعلق مسائل طویل عرصے سے اہم مسائل رہے ہیں۔

سانبھاجی نگر سے سمرجیت ٹھاکر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد فرقان ۔

## INDIA COP29

بھارت نے آزربائیجان کے شہر باکو میں COP29 سمٹ کے موقع پر اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ آب وہوا کی تبدیلی کے اثرات لگاتار رونما ہونے والی آفات کی صورت میں زیادہ سے زیادہ ظاہر ہورہے ہیں۔ بھارت نے کل COP29 سمٹ میں آب وہوا کے فائنانس سے متعلق اعلیٰ سطح کی وزارتی میٹنگ کے موقع پر ہم خیال ترقی پذیر ممالک کی جانب سے ایک بیان پیش کیا۔ اپنا بیان دیتے ہوئے ماحولیات کی وزارت میں ایڈیشنل سکریٹری نریش پال گنگوار نے کہا کہ آب وہوا کےتعلق سےعمل آوری کے سلسلے میں انتہائی امنگوں سے بھرپور کارروائی کی ضرورت ہے۔

بھارت کی جانب سے اِس بات کا اعادہ کیا گیا کہ ترقی یافتہ ملکوں کو چاہئے کہ وہ اس بات کا وعدہ کریں کہ وہ سن 2030 تک ہر سال کم از کم ایک اعشاریہ تین ارب ڈالر مہیا کرائیں گے اور ان کی حیثیت گرانڈس کی ہوگی، رعایتی فائنانس کی ہوگی اور یہ بغیر قرض کا تعاون ہوگا جو ترقی پذیر ممالک کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور ترجیحات کو پورا کرے گا۔ X

## SRILANKA POLLS

سری لنکا کے حکمراں صدر Anura Kumara Dissanayake کی نیشنل پیپلز پاور نے زبردست جیت حاصل

کی ہے اور اسے پارلیمنٹ میں دو تہائی کی اکثریت حاصل ہوئی ہے۔ بائیں بازو کے اتحاد کو 225 ارکان والے ایوان میں 159 سیٹوں پر کامیابی ملی ہے۔ سَجیت پریم داس کی قیادت والی اہم اپوزیشن Samagi Jana Balawegaya دوسرے نمبر پر رہی اور اُسے صرف 40 سیٹیں ملی ہیں جبکہ Ilankai Tamil Arasu Kadchi نے 8 سیٹیں جیتی ہیں۔نیو ڈیموکریٹک فرنٹ جس نے سابق صدر رانل وکرماسنگھے کے ساتھ اتحاد کیا ہے، کو بھاری نقصان پہنچا ہے کیونکہ وہ صرف پانچ سیٹیں ہی جیت سکی ہے۔

*مزید تفصیل کولمبو کے ہمارے نامہ نگار سے۔*

*VC Ahmad muyeen Farooqi*

حکمراں نیشنل پیپلز پاور اتحاد نے پورے جزیرے نما میں انتہائی مضبوطی کا مظاہرہ کیا ہے اور 22 انتخابی ضلعوں میں سے 21 میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اتحاد نے پارلیمانی انتخابات میں سیٹوں اور ووٹوں کی تقسیم کے اعتبار سے اب تک کی بہترین کارکردگی کا بھی مظاہرہ کیا ہے۔دو تہائی اکثریت حاصل کرکے صدر دِسا نائک کی حکومت کو اب ایک مضبوط اکثریت حاصل ہوئی ہے تاکہ وہ اُن اصلاحات پر عمل کرسکیں جس کا اُس نے وعدہ کیا تھا، بدعنوانی سے لڑ سکے، بحران سے نبرد آزما ملک میں طرز زندگی کی لاگت میں کمی آسکے، انتخابات میں کئی سابق وزراء پارلیمنٹ میں اپنی سیٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں جبکہ بڑی پارٹیاں جو سری لنکا کے سیاسی منظرنامے پر غالب رہی ہیں وہ اب حاشیے پر چلی گئی ہیں۔

*کولمبو سے احمد معین فاروقی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم۔*

## ENERGY CONFERENCE

توانائی اقتصادی ترقی اور نشونما کی ریڑھ کی ہڈی بن گئی ہے۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے گریٹر نوئیڈا میں آج جلسے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب پوری نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ ہر روز تقریبا چھ کروڑ 70 لاکھ لوگ پٹرول پمپ پہنچتے ہیں اور اس بڑھتے ہوئے مطالبے کے بارے میں امید ہے کہ اگلے دو عشروں میں توانائی کی کھپت میں عالمی سطح پر 25 فیصد تک کا اضافہ ہوجائے گا۔ وزیر موصوف نے اس بات پر بھی زور دیا کہ گرین ہائیڈروجن کو مستقبل کے ایندھن کے طور پر دیکھا جارہا ہے اور ملک اس کی پیداوار کیلئے ایک عالمگیر مرکز بننے کا عزم رکھتا ہے۔

S/B HARDEEP SINGH PURI

## CRICKET

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان جوہانسبرگ کے Wanderers اسٹیڈیم میں چوتھا اور آخری ٹوئنٹی ٹوئنٹی میچ جاری ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے10اوور تین گیندوں میں‌ایک وکٹ پر 136 رن بنا لئے تھے۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ بھارت کو سیریز میں ایک کے مقابلے دو میچوں کی سبقت حاصل ہے۔ X

## Odisha Boita Banda

اڈیشہ کی پوری ریاست میں لوگوں نے آج کارتک پورنیما کے موقع پر منایا۔ اس بحری تہوار میں کشتیوں کی پوجا کی جاتی ہے۔ کلنگا جو اڈیشہ کا قدیمی نام ہے، کی بحری تاریخ کی یاد میں ہر سال اسی دن یہ تہوار منایا جاتا ہے جب بہادر ملاحوں نے تجارت کی غرض سے سمندری سفر کا آغاز کیا تھا۔ اس دن ہزاروں لوگ ندیوں، جھیلوں اور سمندر کے کنارے صبح سویرے اکٹھا ہوتے ہیں اور کیلے کے تنے، کاغذ اور رنگ برنگے کپڑوں سے بنی کشتیوں کو پانی میں تیراتے ہیں اور دیے بھی جلاتے ہیں۔ اڈیشہ کی قدیمی سمندری تجارت کی تاریخ کی یاد میں وزیر اعلی موہن چرن مانجھی نے تاریخی شہر Cuttack میں ایشیا کے سب سے بڑے کھلے آسمان کے نیچے منعقدہ تجارتی میلے Bali Taka کا بھی افتتاح کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆